The Absolute Reality

www.quran4u.com

إِنَّ الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ

بے شک انسان اپنے پروردگار کا احسان ناشناس

(اور ناشکرا) ہے اور وہ اس سے آگاہ بھی ہے

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندھري)

سورۃ العادیات

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

ان سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم جو ہانپ اٹھتے ہیں	1.
پھر (پتھروں پر نعل) مار کر آگ نکالتے ہیں	2.
پھر صبح کو چھاپہ مارتے ہیں	3.
پھر اس میں گرد اٹھاتے ہیں	4.
پھر اس وقت دشمن کی فوج میں جا گھستے ہیں	5.
بے شک انسان اپنے پروردگار کا احسان ناشناس (اور ناشکرا) ہے	6.

اور وہ اس سے آگاہ بھی ہے	.7
وہ تو مال کی سخت محبت کرنے والا ہے	.8
کیا وہ اس وقت کو نہیں جانتا کہ جو (مردے) قبروں میں ہیں وہ باہر نکال لئے جائیں گے	.9
اور جو (بھید) دلوں میں ہیں وہ ظاہر کر دیئے جائیں گے	.10
بے شک ان کا پروردگار اس روز ان سے خوب واقف ہو گا	.11

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com